لڑکوں کے نام

لڑکوں کے اسلامی اور مشرقی نام انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006

پہلے اسے پڑھئے!

ایک مفکر نے کہا تھا کہ

نام میں کیا رکھا ہے۔۔۔؟ حالانکہ نام انسان کی شناخت کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔اور انسان کا نام اس کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔۔۔۔اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو سب سے پہلے ناموں ہی کی تعلیم دی تھی۔۔۔پھر جانور ذبح کرتے وقت اللہ کا نام لیا جائے۔تو حلال اور غیر اللہ کا نام لیا جائے تو حرام۔۔اور ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ کا نام لینا باعث برکت ہے

بخاری شریف میں ہے کہ ایک صحابی کے والد حضور اکرم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ نے ان کی نام پوچھا تو بتایا گیا حزن ،بمعنی پتھریلی زمین۔حضور اکرم نے یہ نام ناپسند فرمایا۔اور کہا تم نام سہل ۔بمعنی نرم زمین رکھ لو،مگر انھوں نے نام تبدیل نہ کیا،کہ یہ نام میرے والد نے رکھا ہے۔وہ صحابی کہتے ہیں اس کے بعد ہمارے خاندان میں سختی برابر رہی۔۔

اس سے معلوم ہوا کہ نام کی معنویت زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے۔۔اچھی عرفیت سے کردار و شخصیت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔اور بری عرفیت سے برا۔ جیسے کہ ابوجہل کی عرفیت ابوجہل (جہالت کا باپ) نے اسے ساری عمر حلقہ بگوش اسلام ہونے سے دور رکھا۔

ہمارے پیارے نبی حضرت محمدﷺ نے کئی صحابہ کے نام تبدیل فرمائے کہ ان کے معنی اچھے نہ تھے۔مثلاً ایک صحابی کا نام اسود (کالا،گرد آلود ،تاریک) تھا آپ نے بدل کر ابیض (سفید) رکھ دیا۔ایک صحابی کا نام الجبار تھا۔(جبر وظلم کرنے والا) تھا آپ نے تبدیل فرما کر عبدالجبار (جبار کا بندہ) رکھ دیا۔

حضور اکرم نے اچھے نام رکھنے اور برے ناموں سے گریز کرنے کی تلقین فرمائی۔حضرت ابوبکر صدیق کا نام اسلام لانے سے پہلے عبدالکعبہ (کعبہ کا بندہ) تھا آپ نے تبدیل فرما کر عبداللہ رکھ دیا۔بعینہ حضرت ابوہریرہ کا نام عبدالشمس سے بدل کر عبدالرحمان اور حضرت عمر فاروق کی بیٹی عاصیہ (گنہگار) کا نام بدل کر جمیلہ رکھ دیا۔۔۔یہ بات اس امر کی نشان دہی

کرتی ہے کہ نام رکھتے وقت اس کے معنی مدنظر رکھے جائیں۔

حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے اللہ تعالیٰ کو دو نام بہت پسند ہیں۔عبد اللہ اور عبد الرحمٰن ۔۔۔اور پھر اس طرح کے نام جن میں عبد کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام آئے ۔جیسے عبد الغفار،عبد الرحیم،عبد الستار،وغیرہ ۔۔لیکن ایسے نام پکارتے وقت یہ بات خاص طور پر دھیان میں رہے کہ نام پورا پکارا جائے ۔یعنی عبد اللہ،عبد الرحمٰن،عبد الرحیم،۔۔۔یہ نہیں کہ صرف رحمٰن یا رحیم کہہ کر آواز دی جائے ۔۔۔اس طرح حضور اکرم نے فرمایا،اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین نام ملک الاملاک (شہنشاہ) ہے کہ ملک الاملاک صرف خدا تعالیٰ کا نام ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں کئی ہزار نام معہ معنی دئے گئے ہیں۔ان میں سے ایک حسین اور شیریں نام آپ کے نوزائیدہ کے لئے بھی ہے۔

کتاب پڑھتے وقت آپ ہر نام کے آگے مختلف حروف تہجی مثلاً ا،ع،ف وغیرہ لکھا ہوا دیکھیں گے۔اس کے معنی ہیں یہ کس زبان کا لفظ ہے۔

الف۔۔۔اردو

ع۔۔۔عربی

عبر۔۔۔عبرانی

ف۔۔۔فارسی

ت۔۔۔ترکی

ہ۔۔۔ہندی

ر۔۔۔روسی

چند ضروری باتیں

○ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے جو نام رکھنا ہو اس کے شروع میں عبد لگا کر رکھا جا سکتا ہے۔

○ انبیاء کرام اور حضور اکرم کے صفاتی ناموں پر نام رکھنا بھی احسن ہے لیکن انبیاء کرام کے لقب جیسے خلیل اللہ وغیرہ رکھنا حضور اکرم نے ناپسندیدہ فرمایا ہے۔

○ آیات قرآنی اور فرشتوں کے نام پر نام رکھنا بھی اچھا نہیں ہے۔

○ ایسے نام جن سے کبر و فخر اور بڑائی کا اظہار ہو۔ان سے گریز بہتر ہے۔

o حضور اکرم کا ارشاد ہے۔تم میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر اپنی کنیت مقرر نہ کرو۔

o رسول اللہ نے فرمایا

o اسلامی طریقہ سے پہلے نام پھر نسب یا باپ کا نام اور پھر لقب آتا ہے۔

آتا ہے

o رسول اکرم نے فرمایا ”اچھے نام رکھو کیونکہ نام بذات خود ایک قوت اور طاقت رکھتا ہے۔اور سیرت اور اخلاق پر اثر انداز ہوتا ہے۔“

نام اور علم الاعداد

انسانی زندگی میں اعداد کی اہمیت اور ان کی اثر آفرینی سے انکار ممکن نہیں۔آپ دیکھیں روزانہ فرض نمازوں کی تعداد مقرر ہے۔۔۔فجر،ظہر عصر،مغرب،عشا،پانچ نمازیں۔وضو کرتے ہوئے آپ تین بار کلی کرتے ہیں،تین بار ہی ناک میں پانی ڈالتے ہیں۔3 سے کم یا زیادہ مرتبہ یہ عمل وضو کو مکروہ کر دیتا ہے۔غرض آپ عبادات،وظیفے،وظائف کو دیکھیں تو ہر جگہ اعداد کے مطابق کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

علم الاعداد میں کل نو اعداد ہیں

1,2,3,4,5,6,7,8,9,

ان میں پانچ طاق اور نو جفت ہیں،اور ہر عدد کی اپنی تاثیر اور اثرات ہیں۔

آئندہ صفحات میں حروف تہجی کے اعداد کی تفصیل دی گئی ہے۔جن سے آپ اپنے نام کا عدد معلوم کر سکتے ہیں۔

ا	خ	ت	ر	
1	6	4	2	=13
ح	س	ی	ن	
8	6	1	5	=20/33

اور اگر 33 کے مجموعہ کو بھی جوڑ لیا جائے تو اس کی میزان 3+3 برابر 6 کے ہوگی ۔اس طرح اختر حسین کے نام کا اصل عدد جس سے اس کے حالات زندگی پر روشنی پڑ سکتی ہے 6 ہوگا۔

اس طریقہ سے آپ اپنے نام کا عدد بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

اعداد حروف تہجی

حروف تہجی کے اعداد مقرر کرنے میں ترتیب ابجد سے کام لیا جاتا ہے ۔جس میں 28 حروف تہجی کو ایک مخصوص طریقہ پر تقسیم کر کے ان کے باہمی ربط سے آٹھ مستقل کلمات بنا لئے گئے ہیں۔

ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ

ان اعداد کے حروف معینہ حسب ذیل ہیں۔

ا	ب	ج	د	ھ
1	2	3	4	5
و	ز	ح	ط	ی
6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س
20	30	40	50	60
ع	ف	ص	ق	ر

70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ
300	400	500	600	700
ض	ظ	غ		
800	900	1000		

نوٹ: ا مندرجہ بالا طریق کے مطابق نام کے لفظ کی عددی قیمت معلوم کرنے کے لئے مندرجہ بالا عددی قیمتیں شمار کی جائیں۔ اور پھر مفرد عدد معلوم کریں۔

۲۔ تشدید والے حروف مد ( ) اور ہمزہ (ء) کا کوئی عدد شمار نہیں ہوتا۔

۳۔ اللہ۔ الرحمٰن وغیرہ پر چھوٹا الف کا کوئی عدد شمار نہیں ہوتا۔

۴۔ مندرجہ ذیل حروف کے اعداد برابر گنے جاتے ہیں۔ علیحدہ کوئی اعداد نہیں ہیں۔

پ مساوی ب یعنی 2

ٹ مساوی د یعنی 4

ڈ مساوی ت یعنی 400

چ مساوی ج یعنی 3

ژ مساوی ز یعنی 7

ڑ مساوی ر یعنی 200

گ مساوی ک یعنی 20

ھ مساوی ہ یعنی 5

اعداد کے اوصاف (مفرد اعداد ۱ تا 9)

عدد ایک: عالی ہمت، ترقی کرنے والی، ایجاد و اختراع کرنے والے کم و بیش ضدی ہوتے ہیں۔ مگر جس کام میں ہاتھ ڈالتے ہیں۔ ختم کر کے رہتے ہیں۔ ہر قسم کے کاروبار اور پیشے میں عموماً کامیاب ہوتے ہیں۔ اور ترقی کی راہیں ان پر وا ہوتی رہتی ہیں۔ نئی راہیں تلاش کرنے والے ہوتے ہیں۔ انفرادیت پسندی ان میں انتہا درجے کی ہوتی ہے۔ ہر جگہ اور ہر بات میں نمایاں اور اول آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کام کی نوعیت کیسی ہی کیوں نہ ہو۔ سروری اور سرداری پسند کرتے ہیں۔ اور دوسروں کی حکومت اور ماتحتی پسند نہیں کرتے۔ اپنے خیالات پر سختی سے عمل کرتے ہیں۔ اور دوسروں کو ان سے ہٹ دھرمی کی شکایت رہتی ہے۔ اپنی قوم اور اپنے خاندان میں سب سے الگ اور نمایاں ہوتے ہیں۔

عدد 2: فطرتاً شریف، تخیل پرست، فنون لطیفہ کے دلدادہ اور رومان پسند ضرورت سے زیادہ حساس اور حد سے بڑھی ہوئی حساسیت کے باعث آس پاس کے ماحول سے بہت جلد متاثر ہوتے ہیں۔ تخلیقی مزاج کی وجہ سے موجد، لیکن عملی کام کرنے سے قاصر اور تخیل کی دنیا میں رہنے والے ہوتے ہیں۔ خود اعتمادی کا فقدان رکھنے والے، کوئی بھی کام شروع کر کے درمیان میں چھوڑ دینے والے بے قرار اور بے چین طبیعت کے مالک علمی، دماغی اور تحقیقی کاموں سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ اپنے اور دوسروں کے بارے میں بہت اونچی امیدیں رکھنے والے اور ناپسندیدہ ماحول میں جلد چڑچڑے پن کا شکار ہونے والے ہوتے ہیں۔ اکثر نیک متقی، امین، دیانتدار، مزاج کے ملنسار، نکتہ چینی پسند نہ کرنے والے نیکی کر کے نقصان اٹھانے والے ہوتے ہیں۔ دوسروں کے غم میں گھلنے والے اور سکون کا سانس نہ لینے والے ہوتے ہیں۔

عدد 3: بڑے عالی ہمت، انفرادیت پسند، اور پختہ ارادوں کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنی بات منوانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ زندگی میں کم حیثیت یا کم درجے پر قناعت نہیں کرتے، بلکہ ہمیشہ بلند مرتبے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ حوصلے والے اور دوسروں کی ماتحتی پسند نہ کرنے

والے، زندگی کا بڑا مقصد کرنا اور کسی بلند مقام پر پہنچنا ہے۔ ان کے نزدیک زندگی کا حقیقی مقصد اوروں پر حکومت کرنا ہے۔

ضابطے اور اصول کے پابند اور اپنے حکم کی تعمیل بھی خود ہی کرنے والے اور دوسروں سے کروانے والے، اور اس بات پر مصر رہنے والے، تمام باتوں میں ترتیب، نظم، سلیقہ پسند ہوتے ہیں۔ بری یا بحری افواج میں ملازمت کے خواہش مند اور اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر اعلیٰ مناصب تک پہنچنے والے ہوتے ہیں۔ نمایاں ترین وصف دوسروں سے اپنی بات منوانے کا ڈھنگ جانتے ہیں۔ یہ عدد کامیاب ترین لوگوں کا عدد ہے۔

عدد 4: غیرت مند، ایثار پیشہ، کریم النفس، اور دوسروں کے دکھ جھیلنے والے ہوتے ہیں۔ مخصوص اور دوسروں سے علیحدہ شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ہر چیز کو مختلف زاویہ نگاہ سے دیکھنے والے اور دوسروں سے ہمیشہ اختلاف نظر رکھنے والے ہوتے ہیں۔ طبعاً غیر جھگڑالو اور نہ ہی کسی کو دشمن بنانا پسند کرتے ہیں۔ مگر اختلافی رویہ کے باعث جلد لوگوں کو دشمن بنا لیتے ہیں۔ اور ان سے نقصان اٹھاتے ہیں۔ قوانین اور اصولوں کی پابندی کرنے سے معذور اور کسی بھی قسم کے جبر اور پابندی کو خلاف فطرت جانتے ہیں۔ زبردستی پابندی کی صورت میں ماحول سے بغاوت کر دیتے ہیں۔ بحث و مباحثہ میں مخالفانہ رویہ رکھنے والے اور ضد کے پکے ہوتے ہیں۔ ہر سطح پر ہر کام روایت اور لگے بندھے طریقوں سے ہٹ کر کرتے ہیں۔ اپنی خانگی اور کاروباری زندگی میں نہایت خودسر اور خودمختار ہوتے ہیں۔ اور ہر معاملے میں روش سے ہٹ کر چلتے ہیں۔ بے غرضی اور ایثار ان کا بنیادی وصف ہوتا ہے۔ لیکن دنیاوی معاملات میں خوش قسمت ثابت نہیں ہوتے۔ اس کی وجہ ان کی ضد اور ہٹ دھرمی ہے۔ دولت کبھی جمع نہیں کر پاتے۔، کیونکہ یہ بات ان کی فطرت کے خلاف ہوتی ہے۔ اور نہ دولت کمانے کا لالچ رکھتے ہیں۔ اسراف پسند ہوتے ہیں۔ اس لئے دولت آتے ہی فوراً بے مقصد خرچ کر ڈالتے ہیں۔ اور دوسروں کو حیرت زدہ کر دیتے ہیں۔

معاشرتی اور اصلاحی کاموں میں بہت زیادہ دل چسپی رکھنے کے باعث

مجلسی مصلح ہوتے ہیں۔اور اس معاملے میں وزنی رائے کے حامل ہوتے ہیں۔

عدد 5: ملنسار، پرکشش، ذہانت اور حاضر جوابی کے وصف سے بہرہ مند، اچھے مقرر اور دوسروں کو قائل کرنے کے فن سے بخوبی واقف اور با آسانی دوست بنا لینے والے ہوتے ہیں۔نہایت اعلیٰ دماغی صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔اور ان ہی کی بدولت لوگوں میں ایک جوش وولولہ پیدا کرنے والے ہوتے ہیں۔جلد سوچتے اور جلد فیصلہ کرنے والے ہوتے ہیں۔محنت ومشقت کے کاموں سے گھبراتے ہیں۔اور کم محنت ومشقت کرنے والے ہوتے ہیں۔سوداگری کے علاوہ ان کا رجحان اکثر جوا، لاٹری، سٹہ، اسٹاک ایکسچینج، وغیرہ کی طرف ہوتا ہے۔زندگی میں میانہ روی اختیار کرتے ہیں۔شجاعت وجرات مندی کی صفات کے حامل ہوتے ہیں۔جو ان کے ذہن میں آتا ہے فوراً کر ڈالتے ہیں۔روپے کمانے کے نت نئے طریقے سوچتے رہتے ہیں۔

خوش باش طبیعت کے حامل اور بڑے سے بڑا صدمہ برداشت کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔زندگی کے حوادث اور مصائب کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے۔اور نہ ہی زیادہ اثر لیتے ہیں۔طبیعت اور فطرت میں حیرت انگیز طور پر لچک رکھنے کے باعث ہر قسم کے ماحول اور لوگوں سے نباہ کر لیتے ہیں۔

عدد 6: مقناطیسی شخصیت کے مالک، نہایت پرکشش، اور دوسروں کو فوراً متاثر کرنے والے ہوتے ہیں۔بڑے رحمدل اور عاشق مزاج، عشق محبت ان کی فطرت ہوتی ہے۔موسیقی اور فنون لطیفہ کے دلدادہ ہوتے ہیں ۔محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔دوسرے لوگ ان سے اس حد تک پیار کرتے ہیں۔کہ بعض اوقات انہیں پرستش کی حد تک چاہنے لگتے ہیں۔

دولت مند ذہین اور طاقتور ہوتے ہیں۔طبیعت میں قناعت کا جذبہ نہیں رکھتے۔اور بہت سی نعمتیں حاصل کرنے لینے کے باوجود بے قرار اور زندگی میں سکون کا فقدان رکھتے ہیں۔اپنی زندگی کا راستہ خود بناتے ہیں با اعتماد ہوتے ہیں۔دیانت داری ان کا وصف اور اسی وجہ سے صاف معاملہ ہر کام میں چاہتے ہیں۔اور اس کی بدولت بڑی سے بڑی قربانی دینے

سے بھی گریز نہیں کرتے ۔امدادی کاموں میں دل چسپی لیتے ہیں ۔اور اپنے خاندان کے سرگرم رکن ثابت ہوتے ہیں ۔باہر کی نسبت گھر میں زیادہ سکون حاصل کرتے ہیں۔گھر کی آرایش و زیبائش میں زیادہ دل چسپی رکھتے ہیں ۔دولت مند ہونے کی صورت میں مصوری اور دیگر فنون لطیفہ کے نادر نمونوں پر حد سے زیادہ دولت خرچ کرتے ہیں۔

ان کی محبت میں انسانی رشتوں اور بنیادی محبت کا رنگ غالب ہوتا ہے ۔مادری شفقت اور پدری محبت کے حوالے سے ایسے لوگ اپنی اولاد کے لئے قربانیاں دینے سے دریغ نہیں کرتے ۔امن پسند شہری اور اپنی غلطی پر اظہار افسوس کرتے ہیں ۔جب تک کسی معاملے میں انصاف نہ ہو ان کی تسلی نہیں ہوتی ۔دوسروں کے سامنے اپنے لطیف جذبات کا اظہار نہیں کرتے ۔فرض کی خاطر جان کی بازی لگا دینا ان کے لئے معمولی بات ہوتی ہے ۔یہ کسی بھی قسم کی بدگمانی برداشت نہیں کرتے ۔

عدد 7 : کامیابی اور کامرانی کا عدد ہے ۔خودمختار اور اعلیٰ سوچ رکھنے والے بڑی شخصیت کے حامل ہوتے ہیں ۔سفر اور ماحول کی تبدیلی پسند کرتے ہیں ۔طبیعت میں بے چینی اور بے قراری رکھتے ہیں ۔اور اپنی تسکین طبع کی خاطر غیر ممالک یا دور دراز کا سفر کرتے ہیں ۔غیر ممالک کے رسم و رواج ، باشندوں ، ان کے رہن سہن ، اور عادات و اطوار سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں ۔اور اس سلسلہ میں تعارفی سفر نامہ پڑھتے رہتے ہیں ۔

فلسفیانہ ذہن کے ساتھ اچھے شاعر ، مصنف یا مصور اور اپنا نقطہ نظر واضع کرنے والے ہوتے ہیں ۔لکیر کے فقیر نہیں ہوتے ۔پرانے عقائد پر آنکھیں بند کر کے عمل نہیں کرتے ۔اور بیشتر فرسودہ باتوں کو یکسر نظر انداز کرنے والے ہوتے ہیں ۔صحیح معنوں میں کاروباری یا بزنس مین ہوتے ہیں ۔مادی اشیاء کی ذرہ برابر پرواہ نہیں کرتے ۔اور اپنے کاروباری منصوبوں کی بدولت امیر کبیر بن جاتے ہیں ۔خوش حال گھرانوں میں شادی کرانا پسند کرتے ہیں ۔سمندری سفر اور سمندر سے پیار کرتے ہیں ۔اچھے جہاز راں بھی بنتے ہیں ۔اور سمندری تجارت میں بھی کامیاب رہتے ہیں ۔

اکثر صاحب بصیرت اورعلوم مخفیہ کی طرف رجحان رکھنے والے ہوتے ہیں ۔بڑے حیرت انگیز سچے خواب دیکھتے ہیں ۔اپنی روشن ضمیری کی بدولت سحر انگیز جاذبیت اور کشش کے حامل ہوتے ہیں ۔جن سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے ۔

عدد 8: یہ عدد دو دنیاؤں اور دو انتہاؤں سے تعلق رکھتا ہے ۔ان کی طبیعت میں تیزی اورگرم مزاجی ایک طرف ہوتی ہے تو دوسری طرف نرمی اور انکساری بھی بے انتہا ہوتی ہے ۔یہ نشیب وفراز کا نمبر ہوتا ہے ۔زندگی کے میدان میں کوئی اعلیٰ مقام پانے کی سعی کرتے ہیں ۔اوران کی سرگرمیاں بسا اوقات دیوانگی کی حدوں کو چھونے لگتی ہیں ۔اس لئے ان کے بہت سے دشمن ہوجاتے ہیں عظیم الشان کامیابی حاصل کرتے ہیں ۔یا سخت ناکامی سے دوچار ہوتے ہیں ۔ان کا مقدر یا تو تخت ہوتا ہے یا پھر تختہ ۔درمیانی بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔بہت کم افراد خوشیوں اور بدنصیبیوں کے مابعین زندگی گزارتے ہیں ۔

اکثر دوسروں کی غلط فہمیوں کا شکار رہنے والے ،اورلوگ انہیں صحیح طور پر سمجھنے سے قاصر ہیں ۔اپنے جذبات ظاہر نہ کرنے والے بلکہ چھپانے والے ہوتے ہیں ۔ان کی عادت کس قدر پختگی اختیار کرجاتی ہے ۔بظاہر سرد مہر اورغیر جذباتی نظر آتے ہی ۔لیکن اندرون ذات میں نہایت گرم جوش اورمحبت کرنے والے ثابت ہوتے ہیں ۔ان کا معاملہ اس سمندر کا سا ہوتا ہے ۔جو اوپر سے پرسکون نظر آتا ہے ۔لیکن اپنے اندر کئی طوفان سمیٹے ہوئے ہوتا ہے ۔بڑی انفرادیت کے حامی اور زندگی کی سٹیج پر اہم کردار ادا کرنے والے ،اپنی عالی ہمت اور پرجوش طبیعت کی بدولت ایک عوامی شخصیت بن جاتے ہیں ۔یا کسی بلند منصب پر فائز ہوجاتے ہیں ۔مگر اس کے لئے انہیں بڑی سے بڑی قربانی بھی دینا پڑتی ہے ۔

مذہب کے معاملے میں سخت متعصب اور بسا اوقات ان کا مذہبی رنگ اپنی انتہا کو پہنچ کر مذہبی جنون کی شکل اختیار کرلیتا ہے ۔جس بات کو اپنا مقصد حیات سمجھ لیں اسے ہر قیمت پر پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔اور اس کوشش میں دوسروں کو اپنا دشمن بنا لیتے ہیں ۔مگر انہیں اس بات کی قطعی پرواہ نہیں ہوتی ۔کہ دوسرے لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں ۔کیا

سمجھتے ہیں ۔اور کیا کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے ان کے اکثر کام مہلک اور خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔اور دوسروں کے ہاتھوں میں کھلونا بن جاتے ہیں۔

یہ عدد زمانہ قدیم سے انقلابات، غلط فیصلوں،خودسری اور بدنظمی، وانتشار کو ظاہر کرتا ہے ۔تو دوسری طرف یہ عدد فلسفیانہ خیالات ،مذہبی رجحان، اور یقین راسخ کی حد تک تقدیر پرستی کا مظہر بھی ہے ۔اس لئے اس عدد کے حامل افراد اکثر زندگی میں مصائب ،آلام ،بدنامی ،اور ذلت کا سامنا کرتے ہیں۔اور یہ اپنے اعمال کا ثمرہ اپنے مرنے کے بعد شہرت کے ذریعے پاتے ہیں۔

عدد 9: یہ عدد عدد کامل کہلاتا ہے۔ہر لحاظ سے اس کا ایک ہی جواب ہوتا ہے۔اس لئے 9 عدد اعظم کہلاتا ہے۔اس عدد کے حامل افراد نہایت حلیم الطبع ،باوقار، پھلنے، پھولنے اور ترقی کرنے والے ہوتے ہیں۔اوائل عمر ہی سے مشکلات سے نبرد آزما ہوتے ہیں۔اور اپنی قسمت بنانے میں خون پسینہ ایک کر دیتے ہیں۔مشکلات کا جم کر مقابلہ کرتے ہیں۔اپنے مضبوط ارادوں، عالی ہمت اور مشکلات کے مقابلے میں ثابت قدمی سے ڈٹے رہنے کے باعث بالاخر کامیاب ہو جاتے ہیں

خودمختار اور مرضی کے مالک ہوتے ہیں۔جس کی وجہ سے جلد بازی کا شکار ہو کر فوراً طیش میں آجاتے ہیں۔جد وجہد اور جنگ وجدل کا کو یہ موقعہ ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔اکثر عمدہ سپاہی یا قائد بننے کی صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔خود پر پورا بھروسہ کرتے ہیں۔اور اپنے بارے میں حد سے زیادہ خوش فہمی کا شکار رہتے ہیں۔دوسروں کی بات ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دیتے ہیں۔اور کسی بھی قسم کی تنقید برداشت کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ان کی خواہش کے مطابق انہیں تمام لوگ یا خاندان کے لوگ لیڈر اور افسر تسلیم کریں۔ان کو دوسروں پر فوقیت دیں، اور ان کا کوئی مطالبہ رد نہ کریں۔

کسی ادارے کو بڑی خوش اسلوبی سے چلاتے ہیں۔جہاں ان پر تمام تر ذمہ داری ہو۔اور کوئی دوسرا فرد ان کے معاملات میں دخل نہ دے۔

اس اعداد کے حامل مرد اور عوت ہر ایک سے نباہ کر سکتے ہیں ۔یہ بڑا

مبارک اور بڑی خوبیوں والا عدد ہے ۔ اور یہ افراد خوش نصیب ہوتے ہیں ان کو ہر قسم کی جلد بازی اور طیش سے گریز کرنا چاہیے ۔ اور اس طرح اپنے لئے دشمن پیدا نہ کریں ۔

اعداد کے تحت مرکب ناموں کا انتخاب

۱۔عدد ایک اور نو اچھا ملاپ ہے ۔ اسی طرح دو اور آٹھ، تین اور سات ،چار اور چھ، یا پانچ اور پانچ اعداد کے مرکب اچھے ثابت ہوتے ہیں

۲۔عدد دو اور نو ایک اور تین، دو اور دو پانچ اور چھ اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں ۔

۳۔عدد ۳ اور ۹، ایک اور تین ، دو اور دو، پانچ اور آٹھ یا چھ اور سات اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں ۔

۴۔عدد چار اور نو ، ایک ، اور تین ، دو اور دو پانچ، اور آٹھ یا چھ ، اور سات اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں ۔

۵۔عدد پانچ اور نو ، ایک اور چار، دو اور تین ، چھ اور آٹھ ، یا سات اور سات اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں ۔

۶۔عدد چھ اور نو، ایک اور، پانچ ، دو اور چار، تین اور تین یا سات اور آٹھ اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں ۔

۷۔عدد سات اور نو، ایک اور چھ، دو اور، پانچ، تین اور چار، یا آٹھ اور آٹھ اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

۸۔عدد آٹھ اور نو، ایک اور سات، دو اور چھ، تین اور پانچ، یا چار اور چار اعداد کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

۹۔عدد نو اور نو، ایک اور آٹھ، دو اور سات، تین اور چھ، چار اور پانچ کے مرکب نام اچھے ثابت ہوتے ہیں۔

حروف کے خواص

ا، ع، ل، ی: فیاضی اور حکمرانی کا جذبہ، نیز خودغرغی اور انانیت کا جذبہ رکھتے ہیں۔کبھی کبھار ازواجی مشکلات میں گرفتار، گیروں سے بہتر تعلقات اور اپنے اعزاء سے دوری، ترقی کے ازحد خواہاں، حکم چلانے کا جذبہ رکھنے والے، اعلیٰ سرکاری حکام سے رابطہ کی سعی کرنے والے۔خود نمائی کے شوقین، ہر وقت کچھ نہ کچھ کرگزرنے کا جذبہ، عقل مندی ان کی سرشت میں شامل ہے۔

ب اور و: علم ہندسہ سے رغبت رکھنے والے، فطرت میں جنگ وجدل کی بجائے صلح کا مادہ زیادہ رکھنے والے، نام کی مشہوری اور مذہب سے زیادہ لگاؤ رکھنے والے۔لیکن خیالات یک جا نہیں ہوتے۔حسن پرستی کے قائل اور لڑائی مارکٹائی سے دور، غیروں کی بجائے اپنے اعزا سے پیار رکھنے والے۔اپنوں میں دلی راحت محسوس کرتے ہیں۔حکمرانی کا جذبہ بدرجہ اتم رکھنے والے بلا کے بااخلاق اور ملنسار ہوتے ہیں۔

پ اور غ: فنون لطیفہ کا شوق بہت ہی نمایاں، اعلیٰ احکام سے میل ملاپ بڑھانے والے، اور زندگی کو بہت اچھے انداز میں بسر کرنے والے۔ مادی ترقی کے لئے ہر وقت محنت میں مصروف، اور عام طور پر کامیاب ۔روحانیت سے لگاؤ رکھنے والے۔ اور خوبصورتی اور حسن کے فطرتی دلدادہ۔ بہت دانش مند اور سعادت مند، لوگوں کے کام آ کر خوشی محسوس کرنے والے۔ اور اپنے ذمے کام کو پوری دیانتداری سے سرانجام دیتے ہیں۔ ان کے دوست احباب ان پر بہت اعتماد کرتے ہیں،

ت: عیش و آرام پسند، اعلیٰ طبقہ میں میل جول بڑھانے والے۔ اور کامیاب، جنس مخالف کے دلدادہ، ایک سے زائد شادیوں کو برا خیال نہیں کرتے۔ بچوں کی تعداد کی فکر نہیں ہوتی۔ بڑا کنبہ پسند کرتے ہیں۔ اپنے خاندان کی عزت و وقار سے بڑھ کر ان جے نزدیک کوئی چیز اہم نہیں۔ عزت دولت اور شہرت کے لئے یہ لوگ ہمہ وقت مصروف عمل رہتے ہیں۔

ث، س، ش، ص: جھوٹ بولنے کے بہت ماہر، توجہ ہر وقت جھوٹے واقعات کی طرف مرکوز، اور جھوٹ کو سچ بنا کر پیش کرنا جانتے ہیں۔ ان کی توجہ ناجائز اور غلط کاموں کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔ مگر محنتی ہونے کے ناطے کاشت کاری میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ تکبر اور غرور ان میں بہت ہوتا ہے۔ اپنے سے بڑھ کر کسی کو خیال نہیں کرتے۔ اسی لئے دوسروں سے فائدہ بہت کم حاصل کرتے ہیں۔ احسان فراموش نہیں ہوتے۔ احسان کی صورت میں تادم مرگ ممنون رہتے ہیں۔

ج، ح، خ: زیادہ اولاد کے حامل، کثرت عیال سے ازحد پریشان، جس کی وجہ سے صحت خراب، کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا، حرص اور طمع کے چنگل میں ملوث، حالانکہ یہ لوگ تنگ نظر یا بدفطرت نہیں ہوتے۔ بہت ذہین اور فطین ہوتے ہیں۔ مگر ترقی کرنے والوں سے خائف، کامیابی حاصل کرنے کے لئے سخت محنت اور تندہی کی ضرورت کے طالب، صحیح رہنمائی سے یہ لوگ کامیاب و کامران ہوتے ہیں

چ: دلیرانہ اوصاف کے مالک، اپنی جوانی میں بہت سی کامیابیاں حاصل کرنے والے، پس انداز کی عادت سے محروم، فضول

خرچ، بڑھاپے میں مالی بحران کا سامنا کرنے والے۔ وعدے کے پابند، جنس مخالف کو مطیع کرنے کا گر جاننے والے۔ معاملات کو با آسانی سنبھال لینے والے۔ رشتہ داروں سے بہت محبت کرنے والے، دولت اکٹھی کرنے کے بہت شوقین، دوست احباب ان پر جان چھڑکتے ہیں اور یہ ان پر۔

گ: زیادہ اولاد کے حامل، کثرت عیال سے پریشان، صحت ٹھیک نہیں رہتی۔ کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا، حرص اور طمع کے چنگل میں ملوث، حالانکہ یہ لوگ تنگ نظر یا بدفطرت نہیں ہوتے۔ بہت ذہین و فطین، مگر ترقی کرنے والوں سے سخت خائف، کامیابی حاصل کرنے کے لئے بہت سخت محنت اور تندہی کی ضرورت کے طالب، صحیح رہنمائی سے یہ لوگ کامیاب و کامران۔

و، ف: صلح اور انصاف کے جویا، محبت اور ملنساری کو اولیت دیتے ہیں۔ اور اس اصول پر عمل پیرا رہنے والے۔ کسی سے نفرت نہ کرنے والے۔ اپنے اعزا سے بہت محبت کرنے والے۔ ہمیشہ بلند خیال، ازواجی عیش پسند، اپنی شریک حیات کو خوش کرنے کے لئے بے دریغ روپیہ خرچ کرنے والے۔ اور روحانی مسرت حاصل کرنے والے۔ مخالفین کو زیر کرنے کی صلاحیت کے حامل۔ سیر و سیاحت پسندیدہ مشغلہ، مایوسی کو یہ جلد ہی تدبر سے کامیابی میں تبدیل کر لینے والے۔ عام طور پر کامیاب و کامران، اعلیٰ حکام سے با آسانی راہ و رسم پیدا کرنے والے ہوتے ہیں۔

ذ، ز، ض، ظ، ن: بہت غصیلے، بات بات پر غصہ آنا، اپنی قائم کردہ امیدوں میں ناکام، دولت کی بہت طلب۔ عزم و حوصلہ اور قوت ارادہ کی کمی ان میں موجود، اپنے رشتہ داروں سے بہت محبت سے پیش آتے ہیں۔ ہمیشہ ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنے والے۔ عمر اور دولت چلے جانے سے یہ لوگ محرومی کا شکار، بڑھاپے میں لوگ ان سے کم میل جول رکھتے ہیں۔ بحث و مباحثے کے بہت شوقین، ہر بات دلیل سے کرنے والے۔

ر، ط، ت: ہر حال میں عیش و آرام پسند، اعلیٰ طبقے میں میل جول بڑھانے والے، اور کامیاب جنس مخالف کے دلدادہ ایک سے زائد

شادیاں، بچوں کی تعداد کی فکر نہیں رکھتے ۔بڑا کنبہ پسند کرتے ہیں ۔اپنے خاندان کی عزت ووقار سے بڑھ کر ان کے نزدیک کوئی چیز اہم نہیں عزت ودولت اور شہرت کے حصول کے لئے یہ لوگ ہمہ وقت مصروف عمل رہتے ہیں ۔

ق، ک: عزت ووقار ہر حال میں عزیز، ہر وقت احترام کے خواہش مند ،عقل وفہم سے مالا مال، اپنی عزت وتوقیر کروانے والے عزت کرانا جانتے ہیں ۔مذہبی جذبات سے بھر پور، مذہبی اقدار، اور شرم وحیا کی پاسداری میں فخر محسوس کرنے والے ۔موسیقی سے کسی حد تک لگاؤ رکھنے والے ۔دولت کمانا اور جمع کرنا ان کا شوق ۔ازدواجی تعلقات میں سرگرمی کا مظاہرہ کرنے والے، اولاد کو اللہ کی نعمت تصور کرنے والے۔

م : کمزور قوت ارادی کے مالک، فنون لطیفہ کا بہت شوق، ذہن مختلف خیالات کی آماجگاہ، محنت سے جی چرانے والے، اس کی بنا پر دولت میں دشواری کا سامنا، کسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے ہی دل چھوڑ دینے والے، مالی اور جسمانی طور پر کمزور، سوچتے بہت زیادہ ہیں ۔بلا کے حسن پرست ہوتے ہیں ۔

ملک کی سیاحت میں بہت سکون حاصل کرنے والے، نئے نئے لوگوں سے مل کر خوشی محسوس کرنے والے، مذہبی جذبات بہت زیادہ اور کسی حد تک جنون ،کاشت کاری اور زمینداری میں کامیاب وکامران، ہر کام انتہائی محنت اور لگن سے سرانجام دینے والے ۔زیادہ بچوں کے شوقین ، جنگ وجدل کی بجائے امن کا جذبہ زیادہ رکھنے والے ۔

الف(ا)

اردو اور فارسی عربی علم ہجہ کا پہلا حرف ، حساب جمل میں اس کا عدد 1 مقرر ہے ۔اس کا برج حمل ،ستارہ مریخ ،موافق پھول سورج مکھی ،موافق رنگ سرخ ،اور موافق پتھر لعل ،حجر الا مام اور حجر سیلان ہے ۔

احمد: (ع) بہت تعریف کرنے والا ،رسول اکرم کا مبارک نام ،

آدم: (ع) گندمی رنگت والا ، پہلے انسان اور پیغمبر کا نام ۔

ابراہیم: (ع) قوموں کے باپ ،حضور اکرم کے جد اعلیٰ ،خانہ کعبہ کے معمار ،برگزیدہ پیغمبر ۔

ابرار: (ع) نیک ، اچھے ، دانا ، پرہیز گار لوگ

ابصار : (ع) بینائی آنکھ سے دیکھنا ،صاحب بصیرت

آزاد: (ف) بے فکر بے غم ،خود مختار

آزر: (ع) کسی چیز کا احاطہ کرنا ، آگ گرمی

الیاس: (عبر) محبوب خدا ، ایک پیغمبر کا نام

آصف الدولہ: (ع ،ا) فیاض ، بلند مرتبے کا مالک

آسی: (ا) آس رکھنے والا ۔پر امید

آورش: (ا) اصول ،سیرت

آرب: (ع) توانا ، مستحکم ،مضبوط

ادریس: (ع) درس دینے والا ، ایک پیغمبر کا نام ۔

آفندی: (ت) محترم

آفریدی ؛(ف) بے مثل پختونوں کے قبیلے کا نام

ایلیا : (عبر) سب سے اونچا ، ارفع ،حضرت الیاس ، کا عبرانی نام ،ترکی زبان میں اس کے معنی ہیں ، بچہ ،ننھا

آئینور: (ت) چاند کا ہالہ

آفاق: (ا ـ ف) آسمان ، کنارے

اوج: (ع) بلندی

ابوبکر: پہلے خلیفہ کی کنیت ، اصل نام عبداللہ تھا ،بکر عربی میں جوان اونٹ کو کہتے ہیں ۔اونٹوں کے علاج میں ماہر ہونے کی وجہ سے آپ کا نام ابوبکر

مشہور ہوا

ابتہاج: (ع) مسرت خوشی

انس: (ع) محبت والے، ایک صحابی رسول کا نام

اثیر: (ع) بلند عالی آسمان۔

اجلال: (ع)) بزرگی، شکوہ

اجمل: (ع) نہایت حسین، خوبرو

اخضر: (ع) سبز، ہرا،

اخلاص: (ع) خلوص، محبت، دوستی

اختر: (ف) ۔ستارہ، نصیبہ، شگون

احسن: (ع) اچھا، خوبصورت، حسین

احد: (ع) تنہا، یگانہ، اکیلا، یکتا

اسامہ (ع) شیر۔بہادر، بلند مرتبہ، ایک صحابی کا نام۔

ارسلان: (ت) شیر۔

اربد: (ع) چاہت، ارمان

اسحاق: (عبر) ہنسنے والا، ایک پیغمبر کا نام۔

اسد: (ع) شیر، آسمان کا پانچواں برج

اسفندیار: (ع) دلیر، بہادر، ایرانی جرنیل

اشتر: (ع) بہادر، مالک اشتر، حضرت علیؓ کے ایک جرنیل۔

اشراف: (ع) اعلیٰ خاندان

البشام: (ع) خوشبودار

اجلال: (ع) بزرگی، شکوہ

اعتصام: (ع) گناہوں سے خود کو بچانا

اعجاز: (ع) معجزہ، کرامت دکھانا

البان: (ع) سفیدی مائل

الماس: (ع) قیمتی ہیرا

امام: (ع) پیشوا، ہادی، رہنما، آگے کھڑے ہونے والا

آمر: (ع) حاکم، حکم کرنے والا

امین: (ع) امانت دار

ایمن: (ع) بڑا بے خوف، محفوظ

ایمان: (ع) خدا کا دل سے یقین کرنا

انصر: (ع) مدد کرنے والا

انیق: (ع) نادر، نایاب، قیمتی، خوش آئند۔

ابتسام: (ع) مسکراہٹ۔ شگفتگی،

اویس: (ع) عطا کردہ

ایاز: (ف) خدمت گار، فرمانبردار، بہادر

ایوب: (ع) لوٹنے والا۔ ایک مشہور صابر پیغمبر کا نام

ابوتراب: (ع) مٹی کا باپ، حضرت علیؓ کی کنیت

ابدال: (ع) جانشین، قائم مقام، اولیا اللہ کا درجہ

اتالیق: (ع) نگہبان، استاد، ادب سکھانے والا

ابوحنیفہ: (ع) سچائی کا باپ، نعمان بن ثابت،

ب

عربی، اردو، فارسی کا دوسرا حرف حساب جمل میں اس کا عدد 2 مقرر ہے۔ برج ثور، ستارہ زہرہ، موافق پھول سرخ و سفید، موافق رنگ زردی، مائل گلابی اور نیلا، موافق پتھر فیروزہ اور زمرد۔

بابر: (ت) ببر شیر۔ بے خوف، بہادر، پہلے مغل بادشاہ کا نام

باقر: (ع) زیادہ پڑھا لکھا، عالم، ذہین، لائق فائق

بادشاہ: (ف) تاجدار، صاحب اقتدار، حکمران

باہو: (ع) عصا، چھڑی، ساتھی، سلطان باہو کا نام

باری: (ع) پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا نام

باسط: (ع) کھولنے والا، کشادگی کرنے والا

بارک اللہ: (ع) اللہ تعالیٰ برکت دے

بخت: (ع) قسمت، اقبال، مقدر، نصیب

باسم: (ع) خوش مزاج، خوش رہنے والا

باسق:(ع) اونچا، لمبا، اجلا، صاف، شفاف، سفید

باسعود:(ع) بابرکت، مبارک

بالم :(ا) محبوب، عاشق

بختیار:(ف) خوش قسمت، صاحب اقبال،

بختاور:(ا) صاحب نصیب، اقبال مند

بخاری: (ف) بخارا سے تعلق رکھنے والے۔ جیسے امام بخاری، بطور تخلص اور نسبت استعمال ہوتا ہے۔

بخشی :(ف) حساب رکھنے والا

برکت:(ا۔ع) زیادتی، فضل، رحمت، نعمت

بسم اللہ:(ع) شروع اللہ کے نام سے

بسمل:(ف) بے قرار۔ بطور تخلص استعمال ہوتا ہے۔

بلاول:(ع) فاتح ، بہترین مقرر، سندھ کے صوفی بزرگ

بہزاد :(ف) حق کا متلاشی۔ ایک مشہور نقاش کا نام

بہجت :(ع) خوبصورتی۔ شادمانی،

بہلول:(ع) پیشوائے قوم۔ ایک نامور بزرگ کا نام

بہرام :(ف) مریخ ستارہ، یاقوت، قدیم عراق کا بادشاہ

بوستان :(ف) پھولوں کا باغ

بیربل :(ع) قیمتی جواہر۔ اکبر بادشاہ کا ایک رکن

بقائی:(ع) نا قابل فنا

بن یامین:(ع) یامین کا بیٹا۔ حضرت یعقوب کے صاحبزادے کا نام

بینا:(ع) خوبرو، خوشخبری سنانے والا

بیلا:(ا) ایک پھول کا نام

پ

پاک:(ا)پارسا،صاف

پاسبان:(ف)حفاظت کرنے والا

پارس:(ف)سونا بنانے والا پتھر

پاشا:(ف)حاکم،سردار

پارسا :(ف)نیک،پرہیزگار

پرویز:(ف)فتح مند،خوش نصیب،کامیاب وکامران

پیر:(ف)بزرگ،سردار،رہنما

پارکھ :(ہ)پرکھنے والا،جانچنے والا۔جوہری

پرتاب:(ف)مضبوط،طاقتور

پائندہ:(ف)ہمیشہ قائم،سدا سلامت

پرواز :(ف)اڑان،طاقت

پروانہ:(ف)ایک پتنگا،عاشق،اجازت نامہ،بطور تخلص استعمال ہوتا ہے

پیام:(ف)سندیسہ،پیغام

پیارا :(ا)عزیز،محبوب،حسین وجمیل

پرستار:(ف)شیدائی،مرید،عاشق

ت

اردو فارسی کا چوتھا ،عربی کا تیسرا حرف ہے ۔ابجد میں اس کے عدد 400 ہیں برج میزان ،ستارہ زہرہ،موافق پھول ،سرخ وسفید، موافق رنگ نیلا، اورگلابی ،موافق پتھر سنگ مروارید ۔دودھیا پتھر

تاباں :(ف)چمکدار، چمکنے والا ،منور، روشن

تابش:(ف)چمک ، چمکدار،گرمی حرات سے بھرپور

تاجدار:(ف)بادشاہ، حاکم،تاج پہننے والا

تاجور:(ف) بادشاہ، حاکم،تاج والا

تابین:(ف)مرید، پیروکار

تاج:(ا،ف)شاہی ٹوپی، وقار،عزت

تبریز :(ف)کلہائی والا

تبشیر :(ف)خوشی کی خبر دینے والا ۔

تاشفین : (ع)مہربان ہمدرد، ساتھی دوست،مونس، وغمگسار

تحسین : (ع)تعریف کرنا

تبسم : (ع)مسکراہٹ۔ہنسی، شگفتگی

تجمل : (ع)شان وشوکت،عزت ووقار

تراب: (ع)مٹی خاک، زمین،

تسلیم : (ع)ماننا،راضی ہونا، آمادہ کرنا

تسنیم : (ع)بہشت کی ایک نہر

تصدق: (ع)قربانی،صدقے ہونا، نثار ہونا،

تصور: (ع)خیال،سوچ،دھیان

تفضل : (ع)بزرگی، بڑائی ،فضیلت

تعظیم: (ع)عزت، بزرگی، احترام،ادب

تقی: (ع)پرہیزگار، پارسا،شریف

تکریم: (ع)بزرگی،عزت،

تمثیل: (ع)مشابہت،مثال،نظیر

تنزیل: (ع)اتارنا، نازل کرنا

تلقین:: (ع)نصیحت کرنا

تمنا: (ع)خواہش،آرزو کرنا،

تمہید: (ع)عنوان،ابتدا

تقدس: (ع)پاکیزگی،عزت،احترام،بزرگی

توقیر: (ع)قدرومنزلت،اعزاز،عزت کا خیال

توصیف: (ع)وصف بیان کرنا،خوبی ظاہر کرنا

توحید: (ع)ایک ماننا

تہذیب: (ع)معاشرت،تمدن

توکل: (ع)اعتماد،بھروسہ

تنویر: (ع)چمک،نور،روشنی،کرن

تسکین: (ع)سکون قرار،فرحت،اطمینان

توفیق: (ع)ہمت،حوصلہ۔استطاعت

تنظیر: (ع)مثال لایا،نظیر بنانا

ٹ

ٹیپو: (ا)بہادر،دلیر،آزادی کا متوالا

ٹیٹو: (ا)لاڈ،پیار کا ایک نام

ٹکا: (ف)شہزادہ۔ولی عہد،جانشین

ث

اردو کا چھٹا حرف،عربی کا چوتھا ،فارسی کا پانچواں،حرف ۔ابجد میں اعداد 500 ہیں ۔برج دلو،ستارہ زحل،موافق پھول سدابہار،موافق رنگ گیرانیلا،سیاہ،موافق پتھر نیلم،زردیا قوت

ثاقب:(ع)چمکدار۔روشن

ثامن:(ع)آٹھواں،بیش قیمت،نادر

ثقلین:(ع)دوگروہ مراد،جن اورانسان نیک خوبیوں والے۔

ثمر:(ع)پھل،نتیجہ

ثمامہ:(ع)اصحابی رسول

ثناء:(ع)تعریف،مدح

ثوبان:(ع)بیماری کے بعدتندرستی حاصل ہونا

